## سوال

(704) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کون سے ہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کون سے ہیں؟ (ابوضماد، شیخوپورہ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امہات المؤمنین رضی اللہ عنہن بھی اہل بیت میں شامل ہیں۔ آیت تطہیر : {إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا۝} [الاحزاب : ۳۳ ۳۳] [''اللہ تعالیٰ یہی چاہتا ہے کہ اے نبیؐ کی گھر والیو1 تم سے وہ نجاست کو دور کرے اور تمہیں خوب پاک کر دے۔''] کا سیاق وسباق اور لحاق تینوں اس بات پر دلالت کر رہے ہیں۔

۲۲ ۷ ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد 02 ص 704**

محدث فتویٰ